خداوند متعال نے انسان کو خلق فرمایا ، اسے تمام مخلوقات پر کرامت و فضیلت بخشی اور اشرف المخلوقات کے درجے پر فائز کیا۔اور انسان کی خلقت کے ساتھ ہی اس کے حقوق بھی وجود میں آگئے جو ہر ایک انسان کا بنیادی حق ہیں ۔خدا نے انسان کو حق زندگی، حق تکریم و تعظیم، حق تعلیم و تربیت ،حق کسب معاش، حق مخالفت اور اس طرح کے کئی دوسرے حقوق سے نوازا ہے، اور ان سب کو قرآن میں صراحتا بیان کیا ہے۔

خدا نے ہر انسان کو زندہ رہنے کا حق دیا ہے اور اگر کوئی کسی ایک فرد کو قتل کرے تو گویا اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا ہے۔اسی طرح عدل سے پیش آنا اور مساوات انسانی بنیادی حقوق میں سے ہیں ۔دین مبین اسلام میں تمام انسان برابر ہیں کسی گورے کو کالے ، عربی کو عجمی اور امیر کو غریب پر کوئی برتری حاصل نہیں ہے۔تعلیم و تربیت انسان کی بنیادی ضروریات میں سے ہیں اور انبیاء کے بھیجنے کا ہدف بھی یہی ہے۔ہر انسان کا احترام و تکریم بنیادی قوانین میں سے ہے۔اسی احترام و تکریم کی بنا پر خدا نے فرشتوں کو حضرت آدم کو سجدہ کرنے کا کہا تھا۔

خدا نے انسان کے لئے جتنے بھی حقوق اور قوانین مقرر فرمائے ان سب کا مقصد سعادت تک رسائی اور قرب خدا کا حصول ہے۔پس ان تمام قوانین پر عمل پیرا ہونے سے نہ صرف ہماری فردی اور اجتماعی زندگی منظّم ہوجائے گی بلکہ کمال تک پہنچنے میں بھی یہ ہمارے مددگار ہیں ۔

بنیادی الفاظ: حقوق بشر، قرآن کریم، قوانین الٰہی، احترام و کرامت.

---

۱. (جامعۃ المصطفیٰ اسلام آباد) .syedarubabkazmi7212@gmail.com

۱۰. انقلاب اسلامی ایران اور نظریہ انکار ختم نبوت، ایک تجزیاتی مطالعہ

سید نسیم عباس کاظمی[۱] محمد یعقوب بشوی[۲]

اشاریہ:

ختم نبوت کا مسئلہ، قرآن و سنت کے مسلمات میں سے ہے۔ رسول خداﷺ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں امت کو امامت جیسا نظام دیا اور اہل بیتؑ نے غیبت کے زمانے کے لئے ولایت فقیہ کے نظام کو متعارف کروایا، جو امام خمینی کی محنتوں سے انقلاب اسلامی ایران کی صورت میں تحقق پذیر ہوا اور جس نے امت مسلمہ کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کی کوشش کی لیکن قادیانیوں نے اس عقیدے کی آڑ میں نیا نظام نبوت اور خلافت متعارف کروا کر ہمیشہ امت مسلمہ اور انقلاب اسلامی کی راہ میں مشکلات کھڑی کی ہیں اور یہ لوگ امت مسلمہ کو توڑنے کے ساتھ ساتھ، جوان نسل کو گمراہ کرنے اور قرآن و اہل بیت کے دیئے ہوئے نظام کے مقابلہ میں اپنا الگ نظام قائم کرنے کی بھی مسلسل کوشش کرتے رہے ہیں حالانکہ سورہ احزاب کی آیت نمبر ۴۰ اور سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۴ کی طرح وہ آیات جن میں " یُؤمِنُونَ بِمااُنْزِلَ إِلَیکَ وَمااُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ " کے الفاظ موجود ہیں، یہ آیات ختم نبوت کا تصور پیش کرتی ہیں۔

قرآن کا شریعت اسلام کے لئے بنیادی منبع ہونے کے ساتھ ساتھ، قیامت تک تحریف سے محفوظ رہنا، بھی ختم نبوت کے بہترین دلائل میں سے ہے۔ ختم نبوت کا انکار کرنے والے بعض لوگ، آیات کی غلط توجیہ اور تاویل کے ذریعے، قرآن سے اس مسئلے کو ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن تحلیلی اور کلامی روش کے ذریعے ثابت کیا گیا ہے کہ ان کے دلائل ناکافی اور ان کی تفسیر، تفسیر بالرای ہے اور علمی دلائل سے عاری اور من پسند تفسیریں ہیں۔ اس مقالہ کا بنیادی سوال «انقلاب اسلامی ایران اور نظریہ انکار ختم نبوت ایک تجزیاتی مطالعہ» ہے۔

بنیادی الفاظ: ختم نبوت، انقلاب اسلامی ایران، قادیانی، آیات و روایات، تاویلات

---

1. nasimkazmi1214@gmail.com ،(پی ایچ ڈی اسٹوڈنٹ)

۲(اسلامی اسکالر المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی قم) bashovi786@yahoo.com

۱۰. امام حسین علیہ السلام کی تحریک کے اہداف میں شہادت اور حکومت کے مفروضہ کا کلامی مطالعہ

نجف علی سعادتی[۱]- محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

امام حسین علیہ السلام کی تحریک تاریخ انسانیت کا وہ عظیم سر چشمہ ہدایت اور منارہ نور ہے جو ہر دور کے انسان کی ہدایت کرتا رہے گا. اس تحریک کے اہداف الہی ہیں اور ان اہداف کے بارے میں ہر دور میں اسلامی مفکرین اور غیر مسلم مفکرین مختلف آراء پیش کرتے رہے ہیں؛ جیسے امر بہ معروف و نہی از منکر، حق کا اثبات، باطل کا خاتمہ، عدل و انصاف کا قیام، سنت کی احیاء اور بدعت کا ازالہ، حکومت سازی اور شہادت . ان نظریات میں شہادت اور حکومت سازی کا نظریہ، زیادہ مشہور ہے۔

اس مقالہ میں ان دو نظریات کا تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے اور ان کے کلامی نتائج کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ نتیجہ حاصل گیا گیا ہے کہ ان دو نوں مفروضات میں سے کوئی بھی امام حسین علیہ السلام کی تحریک کا مقصد نہیں تھا بلکہ حکومت سازی اور شہادت، آپ کی امامت کے فرائض کی انجام دہی اور معاشرے کی رہنمائی کے عمومی ہدف کو حاصل کرنے کی تدبیریں تھیں . اہداف کربلا کو سامنے رکھ کر ہم ایک جدید اسلامی معاشرے کے قیام کے لئے کوشش کر سکتے ہیں. جمہوری اسلامی ایران کا انقلاب اسی تحریک حسینی کا ایک حقیقی جلوہ ہے جو عالمی تحریک مہدویت کے لئے ایک تمہید کی حیثیت رکھتا ہے. امام حسین علیہ السلام کی تحریک کے اہداف میں شہادت اور حکومت کے مفروضہ ،اس تحقیق کا اصلی سوال ہے۔ یہ مقالہ کلامی روش سے تدوین کے مراحل سے گذرا ہے۔

کلیدی الفاظ: تحریک، امام حسین، شہادت، حکومت سازی، انقلاب اسلامی ایران، مہدویت.

۱. (پی ایچ ڈی اسکالر کلام اسلامی، آستان قدس رضوی بین الاقوامی شعبہ) najafali.saadati@gmail.com

۱۱. تحریک نسواں (فیمیزم) کے بنیادی تصورات کا قرآن اور سنت کی روشنی میں تحقیقی اور تنقیدی جائزہ

سیدہ تسنیم زہرا[۱]

اشاریہ:
مغربی تاریخ میں کبھی بھی عورت کو کوئی خاص مقام و مرتبہ حاصل نہیں رہا لیکن برخلاف توقع Renaissance کے بعد فمینزم کا نظریہ معرض وجود میں آیا البتہ حقیقت تو یہ ہے فمینزم خود ایک مستقل نظریہ نہیں بلکہ مختلف عوامل کا مشترکہ نتیجہ ہے جس میں ریسانس سے پہلے کے مقابلہ میں عورت کے حقوق اور مردوں کے ساتھ برابری کی سوچ کو پروان چڑھایا جانے لگا یہ تحریک عرصہ دراز سے خواتین کے پایمال شدہ حقوق کی بازیابی کے لیے سرگرم عمل ہے یہ نظریہ صرف مغرب تک محدود نہیں رہا بلکہ کئی تحریکیں اس نظریہ کی حمایت میں وجود میں آئیں اور کئی تنظیمیں سرگرم عمل ہیں اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ آج فمینزم کا وجود مشرق میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور مغربی تہذیب اور نظریات بظاہر تو عورت کے بہت احترام اور عزت کا دعوا کرتے ہیں لیکن حقیقت میں عورت کو ایک سامان بیچنے والی اور ایک جنسی خواہشات کے حصول کا ذریعہ پیش کیا جاتا ہے جب تک مغربی تصورات کے کھوکھلے دعووں کو بنیادی طور پر نہیں دیکھا جائے گا تب تک مغرب کی یلغار رہے گی جب کہ اس کے مقابلہ میں اسلام ابتداء سے ہی عورت کو عزت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے اسلام اور قرآن میں خواتین کے کردار کو خاص مقام حاصل ہے جہاں قرآن میں مردوں کے لیے اچھے اور برے کردار کا تذکرہ ملتا ہے وہیں عورت کے لیے بھی دونوں کردار قرآن میں موجود ہیں اسلام تمام شعبہ ھائے زندگی کے لیے ایک مکمل دین ہے اسی لیے عورت کو اسلام اور قرآن میں خاص مقام حاصل ہے لہٰذا فیمن ازم کی بنیادی تصورات کو اسلامی تعلیمات (آیات و روایات) سے مقائسہ کرنے میں تمام تلاش و کوشش کو بروئے کار لاتے ہوئے اس بات کو واضح انداز سے ثابت کریں گے کہ یہ بنیادی تصورات

۱. (پی ایچ ڈی مجتمع آموزش بنت الہدی)، (مدیر واحد خواہران جامعہ المصطفیٰ العالمیہ نمایندگی پاکستان)

قرآن مجید سے ناسازگار جبکہ اس کے نظریہ پرداز اور متخصّص افراد، دین سے دور ہونے اور الہامی تعلیمات سے عدم آشنائی کے سبب، انحراف اور کج روی کا شکار ہیں۔

بنیادی الفاظ: فیمنزم ،بنیادی ،تصور، عورت

۱۲. تزکیہ نفس از نظر قرآن وروایات

سارا خاتون[1]

اشاریہ:

تزکیہ نفس اور تعلیم کی سیرت انبیاء الٰہی کا وتیرہ ہے جس کا مقصد انسان کی تربیت اور اسے تخلیق کے اعلی مقصد ''توحید'' تک پہنچانا ہے۔ انبیاء تعلیم وتربیت کے وہ علمی نمونے ہیں جن کی پیروی کے بغیر کوئی شخص حق کی منزل تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔

خداوند متعال نے قرآن مجید میں تقریباً ۲۱ آیتیں فقط تزکیہ نفس کے بارے میں بیان کی ہے۔ سورہ شمس میں خداوند متعال نے ۱۱ مرتبہ قسمیں کھا کے فرمایا کہ فلاح پائے گا وہ شخص جس نے اپنے نفس کا تزکیہ کیا اور معصومین علیہم السلام نے بھی بے شمار روایتیں بیان کی ہیں۔ انسان اپنے نفس کی پہچان اس وقت کر سکتا ہے جب وہ اپنے نفس کو تمام برائیوں سے محفوظ رکھے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم پہلے اپنے آپ کو اخلاقی رذائل سے بچاتے ہوئے معاشرے کو بھی ان ناسور بیماریوں سے بچایا جائے۔

میری یہ مختصر تحقیق ایک مقدمہ اور سات فصلوں پر مشتمل ہو گی۔ فصل اول میں وہ تمام کلیات جو ایک تحقیق کے لیے ضروری ہیں اور ساتھ ساتھ مفہوم شناسی کی وضاحت کی جائے گی۔ اسے دو حصوں میں بیان کرونگی پہلا حصہ کلیات اور دوسرا حصہ مفہوم شناسی پر مشتمل ہو گا۔ فصل دوم اور سوم میں بالترتیب تزکیہ نفس قرآن اور احادیث کی روشنی میں جبکہ فصل چہارم اور فصل پنجم میں بالترتیب تزکیہ نفس کے مراحل اور فوائد وآثار کو بیان کرنے کی کوشش کروں گی اور اس کے بعد فصل ششم میں تزکیہ نفس کے موانع بیان کروں گی۔ فصل ہفتم میں جمع بندی اور نتیجہ گیری اور آخر میں فہرست منابع تقدیم کرنے کی سعی و کوشش کروں گی۔

بنیادی الفاظ: تزکیہ، نفس، قرآن، اخلاق، رذائل.

۱. کارشناسی (فقه و مفارف اسلامی)

۱۳- تربیت اولاد کے اصول قرآن اور احادیث کی روشنی میں

سائرہ بتول[۱]

اشاریہ:

خداوند عالم نے انسانوں کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے ان نعمتوں میں سے ایک عظیم نعمت اولاد ہے اولاد کسی بھی انسان کے لیے بیش بہا سرمایہ اور اللہ تعالی کی جانب سے گراں قدر عطیہ ہے۔ اس لیے والدین کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ جہاں بھی رہیں اپنے بچوں کی بہتر نشوونما کے لیے صحیح پرورش و تربیت کریں وہی دینی تربیت (بچوں) کے عقیدے اور فکر میں مختلف تبدلیاں لے کرآتی ہیں اس بچے کی خاص عمل ورفتار خدائی قوانین پر مبنی ہوں تو انسان کمال تک پہنچ سکتا ہے۔ خود اس کا اخلاق و کردار آداب، عادات میں مذہبی شکل اختیار کرتا ہے۔ اس کے لیے تربیت اس بچے کے پیدا ہونے سے پہلے ہی شروع ہوتی ہے ماں باپ کا بچوں کی تربیت پر توجہ دینا بہت ضروری ہے۔ قرآن مجید میں خداوند عالم نے بہت زور دیا ہے اور رسول پاک نے بھی بہت تاکید کی ہے، بچوں کی پرورش میں ماں باپ کا کردار اساسی ہوتا ہے۔ جسمانی تربیت کے ساتھ ساتھ روحانی اور فکری تربیت پر بھی توجہ دینے کی بہت ضرورت ہے۔ اس کے لیے ماں باپ کو بچے کی پیدائش سے پہلے سوچ سمجھ کر، اور دقیق پروگرام کے تحت تربیت دینا چاہیے۔ تربیت کے لیے بہترین زمانہ بچپن کا ہے کیونکہ بچے نے ابھی پوری شکل اختیار نہیں کی ہوتی اور ہر طرح کی تربیت کے لیے آمادہ ہوتا ہے یہ حساس اور اہم ذمہ داری پہلے مرحلہ یہ ماں باپ کے ذمے ہے۔

اپنی اہداف کو مشخص کرنا بھی ضروری ہے۔

ہم اس مقالے میں ماں باپ کے اعمال کا اولاد پر اثر اور تربیت اولاد کے اصول قرآن اور احادیث کی روشنی میں بحث کرینگے۔

بینادی الفاظ: تربیت، اولاد، قرآن، اصول، نعمت.

---

۱. (جامعہ المصطفیٰ کراچی کارشناسی فقہ و معارف اسلامی)

۱۴. حجاب وعفاف کی ضرورت قرآن مجید کی نگاہ میں

اشرف حسین سراج[۱]

استاد رہنما: حجۃ الاسلام ڈاکٹر یعقوب بشوی (اسلامی اسکالر المصطفیٰ یونیورسٹی ایران قم)

اشاریہ:

حجاب وعفاف قرآنی احکامات میں سے ہونا صریح امر ہے، رسول اکرم اور آئمہ اطہار کی سیرت اور تعلیمات کی رو سے بھی حجاب وعفاف کی اہمیت عیاں ہوتی ہے۔ لیکن مغرب حجاب وعفاف کو آزادی اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ سمجھتا ہے۔ مغرب کی طرف سے انسانی معاشروں میں بدحجابی اور بے حیائی کو عام کرنے کے لئے طرح طرح کی سازشیں ہوتی آرہی ہیں۔ جس کی وجہ سے انسانی معاشرہ دن بہ دن اخلاقی طور پر تنزلی کی طرف بڑھ رہا ہے۔

مغرب آج بھی عورت کے حقوق اور آزادی کا راز بدحجابی اور میرا جسم میری مرضی کی منطق کو قرار دینے میں تلا ہوا ہے۔ جبکہ قرآنی آیات کے مطابق عورت کے حقوق اور حقیقی آزادی کا راز حجاب وعفاف میں پنہاں ہیں۔

قرآن مجید انسانی معاشرے کے لئے ایک کامل ضابطہ حیات ہے، جن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے سے ہی انسانی معاشرے میں حقوق اور حقیقی آزادی مل سکتی ہے۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ اسلامی احکامات اور قوانین کا منبع قرآن مجید ہی ہے، لہٰذا یہاں پر ہم اپنے علمی بساط کے مطابق قرآن واحادیث کی روشنی میں حجاب وعفاف کی ضرورت کو ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

سوال: قرآن مجید کی نگاہ میں حجاب وعفاف کی ضرورت کیا ہے؟

بنیادی الفاظ: حجاب وعفاف، قرآنی احکامات، مغرب، حقوق، آزادی، آیات، احادیث.

۱. (ایمفل سٹوڈنٹ) a.seraaj512@gmail.com

۱۵. حجاب کی اہمیت اورضرورت قرآن اور مغربی تھذیب کی روشنی میں

نثارحسین عاملی[۱]-محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

تمام ادیان الہی کے مشترکہ مسائل میں ،حجاب ایک اہم اور مشترک مسئلہ ہے اور یہ کہ فطری خواہشات میں سے ایک ہےجو اسلام تک محدود نہیں ہے کیونکہ اندرونی تمایل اور اخلاقی خوبی میں سے ہے انسان کا خالق ہے جو تمام رازوں اور اسرار سے بالاتر ہے دنیا کی خوبصورتی ، نشوونما ، سلامتی کے بارے میں ، وہ حجاب کی عفت میں انسانوں بالخصوص عورتوں سے ماورا ہے۔قرآن کریم کی آیات اس الہی حکم کی ضرورت کو مطلوبہ انداز میں بیان کرتی ہیں کیونکہ حجاب ثقافتی ، سیاسی ، سماجی جہت رکھتا ہے اور انسانی قدر ، معاشرے اور خاندان کے مقدس ادارے کے امن و استحکام کو محفوظ رکھتا ہے اور حجاب بھی عورتوں کی حفاظت کو یقینی بناتا ہے۔

قرآن مجید انسان کے فطری اور باطنی امور سے پوشیدہ رہنے کے رجحان کو سمجھتا ہے جو آدم اور حوا کی تخلیق کے آغاز سے انسانی جسم میں جمع ہے۔قرآن میں ، خدا پیغمبر اسلامﷺ کو مخاطب کرتا ہے کہ وہ ایمان والے مردوں اور عورتوں کو حکم دیں کہ وہ غیر محرموں سے اپنی نگاہیں نیچے رکھیں اور ان کی شرمگاہوں کو ڈھانپیں اور مومن عورتوں کی حفاظت کریں تاکہ ان کی پاکیزگی اور خوبیوں کو محفوظ رکھا جا سکے اور کمال تک پہنچ سکیں۔ان کو حکم دینا کہ وہ اپنے اعضاء اور زینت کو غیر محرم کے سامنے ظاہر نہ کریں ، اور اپنے پردے اور خیموں سے اپنے آپ کو ڈھانپیں ، اور غیر محرموں کی پرائیویسی کو برقرار رکھیں اور کسی بھی اشتعال انگیز رویے سے گریز کریں ، معاشرے کی صحت کی حفاظت کریں ، اور اپنے آپ کو ظلم و ستم سے بچانے کے لیے۔اور ہوس پرست لوگوں کو ہراساں کرنا محفوظ ہے حجاب کی آیات کی تفسیر اور ان آیات کے نزول اس معنی کی تصدیق اور تکمیل کرتی ہیں۔آج جبکہ

۱. [پی ایچ ڈی اسٹوڈینٹ] amili114amili@gmail.com

مغربی تہذیب نے عورت کو women Empowerment کے خوش نما نعرے سے بہلا کر بے پردہ کرکے ایک ایسے سراب کے پیچھے لگا دیا ہے جس کے اختتام پر عدم تحفظ اور بے حیائی کے سوا کچھ نہیں۔ چنانچہ مغربی دنیا نے عورتوں کے سطحی جذبات سے کھیلتے ہوئے انہیں غیر مہذب خیالات کا حامل بناکر بے حیائی جیسی شیطانی ثقافت سے آراستہ کرکے محض نفسانی خواہشات کی تکمیل کا ذریعہ قرار دیا ہے اور عورت کو بے پردہ کرکے اس کے دامن وجود میں موجود جوہر حیاء کو نیلام کردیا ہے جبکہ دین مبین اسلام نے پردے اور حجاب کے سائے میں عورت کو با حیا بنانے کے ساتھ اسے نظام عفت و عصمت اور پاکدامنی سے بھی مزین کیا ہے جو عورت کو توقیر عطا کرنے کے ساتھ خاندانوں کو محفوظ و مستحکم بناتا ہے اور سماج اور معاشرے کو پاکیزگی بخشتا ہے اور فریقین کے باہمی اعتماد کو پروان چڑھاتے ہوئے محبتوں میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔بنابر این ہمیں بھی خالق کائنات کے عطا کردہ اس پروٹوکول پر فخر کرتے ہوئے حجاب پر کار بند رہنے میں فخر و امتیاز محسوس کرنا چاہیے۔

کلیدی الفاظ: خواتین کا لباس ، حجاب ، جلباب ، چادر ، ستر،زینت قرآنی پردہ ، سلامتی ، عفت ، امن .

۱۶. حفظ قرآن کی افادیت اور اسکے اثرات

سیدہ افشین فاطمہ جعفری

اشاریہ

تمام تر حمد و ثناء اس ذاتِ واحد کے لیے جو عالمین کا پالنے والا ہے . جو عالِم ہے اور عِلم کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ جلّ شانہ ٗ کی یہ سنت و طریقہ رہا ہے کہ جب اور جس دور میں اپنے پیغمبر کو لوگوں کی ہدایت کے لیے مبعوث فرمایا تو ساتھ ہی اُس زمانے کے لحاظ سے اپنے پیغمبر کو معجزہ دیا، اللہ تعالیٰ جلّ شانہ ٗ نے اپنے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ؐ کو بھی دیگر معجزات کے علاوہ ایک قوی، مستحکم، بے مثال اور فصاحت اور بلاغت کا اعلیٰ و ارفع کلام جو قیامت تک پوری دنیا کی اقوام کے ادب و کلام پر حاوی ہے، معجزہ، قرآن کی صورت میں عطا کیا . اور اسے ہماری ہدایت کا زریعہ بنایا . خدا کی کتاب ہماری ہدایت اور رہنمائی کا ذریعہ ہے .

میری اس تحریر کا مقصد "قرآن" کو حفظ کرنے کے بارے میں ہے .

حفظِ قرآن کی کیا افادیت ہے ؟

اسکے اثرات کیا ہیں؟ حفظِ قرآن کی اہمیت کیا ہے ؟

قرآن جو ایک نمونہ ہے جو ہمیں ہدایت و کامیابی سے ھمکنار کرتا ہے حفظ قرآن کے بے شمار فوائد اور اثرات ہیں . اس کے اثرات نہ صرف انفرادی زندگی پر ہیں بلکہ معاشرے پر بھی اس کے مثبت اثرات پیدا ہوتے ہیں . حفظِ قرآن جسمانی، روحانی اور اُخروی بے شمار فوائد اور اثرات رکھتا ہے جو انسان کو حقیقی سعادت تک پہنچاتا ہے .

بنیادی الفاظ : حفظ قرآن، اثرات، سعادت، کامیابی، فوائد جسمانی و روحانی .

۱۷۔ حضرت علی علیہ السلام کی تفسیری خدمات

تہمینہ بتول[۱]۔ عبدالرؤف زاہد[۲]

اشاریہ:
حضرت علی علیہ السلام کا تفسیر قرآن مجید سے تعلق فہم سے کسی بھی طرح انکار نہیں کیا جاسکتا۔ کتب تفاسیر میں حضرت علی علیہ السلام سے مروی روایات بکثرت موجود ہیں جس سے حضرت علی علیہ السلام کی تفسیری خدمات کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ قرآن مجید سے خصوصی لگاؤ اور تفسیری ذوق کی وجہ ہی تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں کوفے کا قاضی مقرر فرمایا۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول بہت سی تفسیری روایات کتب احادیث اور کتب تفسیر میں موجود ہیں۔ جبکہ نہج البلاغہ میں بھی حضرت علی علیہ السلام کے خطبات کا ذکر ملتا ہے۔ جن میں تفسیر مشکلات اور قرآن مجید سے متعلقہ علوم وفنون کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ قرآن مجید کی تفسیر میں احادیث نبویہ کے بعد مستند ترین ماخذ اقوال صحابی ہے۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام کے تفسیر اقوال تفسیر قرآن میں بیش بہا قیمتی اضافہ ہیں جس کی ہر کام کرنے میں ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ مجاہد، عکرمہ اور موسیٰ ابن عباس رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرز کی روایات کو نقل کرتے ہوئے حضرت علی علیہ السلام کی تفسیر خدمات کو کتب تفسیر میں ذکر کیا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے متعلق تفسیری روایات کی نسبت اور منسوب روایات کی تحقیق و تخریج از حد ضروری ہے تاکہ تفسیر قرآن میں ایسی روایات میسر آئیں جو محض صحیح، مستند اور معتبر ذرائع سے ثابت ہوں تاکہ عصری مسائل کے حل میں حضرت علی علیہ السلام کی تفسیر خدمات سے استفادہ حاصل کیا جاسکے۔

کلیدی الفاظ: نہج البلاغہ، معتبر، مستند، تحقیق و تخریج، منسوب۔

۱. (ایم فل علوم اسلامیہ، دی ویمن یونیورسٹی، ملتان)۔
۲. اسسٹنٹ پروفیسر، یونیورسٹی آف لاہور۔

۱۸. قرآن کے نقطہ نظر سے مثبت معاشرتی تبدیلی کے عوامل

محمد یعقوب بشوی[۱]

اشاریہ:

معاشرتی تبدیلی حقیقت میں اجتماعی علوم میں نئے اور ترقی یافتہ موضوعات میں سے ایک اہم موضوع ہے، جس نے تفسیری علوم میں بھی اپنے پیر کھول دیئے ہیں۔تاہم قرآن مجید ایک سوشیالوجی کی کتاب نہیں ہے، لیکن اس کا بنیادی مقصد فرد اور معاشرے کے افکار اور طرز عمل کو تبدیل کرنا ہے۔اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے مختلف عوامل کی ضرورت ہے تاکہ مطلوبہ تبدیلی لانے میں کامیابی مل سکے، کیونکہ قرآن ایک عامل کی بجائے تبدیلی لانے کے لئے کئی عوامل متعارف کراتا ہے لہٰذا، ایسے عوامل کو جاننا انتہائی ضروری ہے۔قرآن مجید مثبت اور منفی عوامل کی اقسام کی طرف اشارہ کرتا ہے ان عوامل میں سے ہر ایک کو مادی اور معنوی عوامل میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔اس مضمون میں، صرف مثبت عوامل پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔اس بات پر توجہ کی ضرورت ہے کہ ان میں سے بعض عوامل معاشرہ شناسی اور بعض نفسیات شناسی میں مددگار ہیں.

یہ عوامل اس وقت تبدیلی لاتے ہیں جب تبدیلی کے لئے حالات اور تمہیدات مہیا کردی گئیں ہوں۔ان میں سے کچھ عوامل بنیادی اور مرکزی ہیں اور کچھ تو اثر گزار اور کارآمد ہیں۔قرآن مجید معنوی عوامل پر زیادہ تاکید کرتا ہے اور ساتھ ہی کچھ مادی عوامل کا تذکرہ بھی کرتا ہے۔ معنوی عوامل اصل میں تبدیلی کے عمل میں مرکزی کردار ادا کرتے ہیں یہ عوامل پہلے افکار پر اثر انداز ہوتے ہیں اور اس کے بعد رفتار میں تبدیلی لاتے ہیں. ان میں سے کچھ عوامل سماجیات کے ساتھ ساتھ نفسیات کو بھی متاثر کرتے ہیں۔قرآن کے نقطہ نظر سے مثبت معاشرتی تبدیلی کے عوامل، اس تحقیق کا اصلی سوال ہے اور یہ مقالہ علوم اجتماعی اور تفسیری تلفیقی روش سے وجود میں آیا ہے۔

کلیدی الفاظ: مثبت عوامل، معاشرتی تبدیلیاں، ثقافتی عوامل، سیاسی عوامل، اقتصادی عوامل۔

۱. (اسلامی اسکالر المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی قم) فون: ۰۰۹۸۹۳۵۴۶۵۰۱۴۷ bashovi786@yahoo.com.

۱۹. قرآن کی روشنی میں اجتماعی زندگی پر ایمان کے آثار

محمد اصغر[۱]۔ محمد یعقوب بشوی

اشاریہ

قرآن کریم کے اہم موضوعات میں سے ایک ایمان ہے جس کے لغوی معنی مان لینا، تصدیق کرنا ہیں جبکہ دینی اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، تمام انبیاء کی نبوت، معاد، امامت و خلافت الٰہیہ اور ذات باری تعالیٰ کی جانب سے بھیجے گئے تمام دستورات و احکامات پر دل سے یقین و تسلیم کرنے کو ایمان کہاجاتاہے۔البتہ ایمان صرف زبان سے اقرار کا نام نہیں، زبان اور دل سے اقرار کرنے کے ساتھ اس کے مطابق عملی میدان میں بھی اظہار کا نام ہے۔انسان کی اجتماعی زندگی میں فلاح و بہبود اور سعادت و نجات وغیرہ حقیقی ایمان سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔ اسی لئے قرآن کریم میں متعدد مقامات پر ایمان اور اس کے ساتھ عمل صالح کی انجام دہی پر بہت تاکید کی گئی ہے۔انسان کی اجتماعی زندگی پر ایمان کے بہت سے اثرات و فوائد ہیں جن میں سے چند ایک یہ ہیں؛ دنیاوی آثار میں سے اجتماعی سکون ہے یعنی ایمان انسان کو اخلاقی اور عملی احکام و دستورات کا پابند بنادیتاہے اور ایک دوسرے کے حقوق پر تجاوز کرنے سے روکتاہے جس کے نتیجے میں معاشرے میں ہمیشہ آرام و سکون کی فضا قائم ہوجاتی ہے، نیز ایمان برکات الٰھی کے نزول کا باعث، ایک دوسرے سے تعاون و ہمدردی، محبت و بھائی چارگی، زمین پر الٰھی نظام و حکومت کا قیام، وحدت و اتفاق، عدالت اجتماعی کا قیام، انحرافات و فسادات کے خاتمہ کا باعث ہے۔اس کے علاوہ ایمان کے انسان کی اجتماعی زندگی پر اخروی اثرات و فوائد ہیں جیسے؛ گناہوں کی بخشش، ثواب الٰھی اور نعمات الٰہی سے بھرہ مندی، ایمان کے ذریعے بہشت میں جاویداں ہونا، بہشت میں مختلف نعمتوں کا حصول، ایمان کے اہم آثار و فوائد میں سے ہیں۔قرآن کریم کی نگاہ میں اس موضوع کی نہایت اہمیت کے پیش نظر، اس مقالے میں ایمان کے صحیح مفہوم، اس کی اقسام، درجات اور اس کے

۱. (ایم فل اسکالر) شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، خیرپور، سندھ m.asghar9906@gmail.com

انسان کی اجتماعی زندگی پر مترتب ہونے والے آثار کا قرآن کریم کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ لیا جائے گا۔

بنیادی الفاظ: ایمان، آثار، فوائد، اجتماعی، قرآن.

۲۰. قرآن کی نگاہ میں دینی مبلغ کی صفات

محمد حسین چمن آبادی[۱]- محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

کلمہ تبلیغ اور اس کے مشتقات قرآنی الفاظ ہیں، اسی طرح تبلیغ کا اسلوب اور اس کی صحیح روش بھی کلمات قرآنی ہیں، دوسرے الفاظ میں تبلیغ اور مبلغ کو دین اسلام میں بہت اہمیت حاصل ہے۔ دین کی تبلیغ کی ذمہ داری اللہ تعالی نے سب سے پہلے انبیاء علیہم السلام اور معصومین علیہم السلام کے سپرد کیا، پھر یہ ذمہ داری علماء کرام کی گردن پہ آگیااور ان کی اہم ترین ذمہ داری شمار ہونے لگی۔

دینی مبلغ کو اخلاقی، علمی اور عملی لحاظ سے کچھ خصوصیات کا حامل ہونا لازمی ہے کیونکہ لوگ مبلغ کی باتوں سے زیادہ اس کے رفتار و کردار کو اہمیت دیتے ہیں، اگر اس کے قول و فعل میں ادنی سا اختلاف پایا جائے تو لوگ اس سے میلوں دور بھاگنے کو ترجیح دیں گے کیونکہ لوگ مبلغ کو نائب اور جانشین انبیاء گردانتے ہیں، اگر مبلغ کی زندگی انبیاء و معصومین علیہم السلام کی حیات طیبہ کی عملی تفسیر پیش نہ کرے لوگوں کی نظر میں وہ قابل اعتماد نہیں ہے، اگرچہ اس کی باتوں پر کان دھریں بھی تو دلوں پر تبلیغ کا کوئی خاص اثر نہیں ہوگا، لہٰذا مبلغ کے گفتار سے زیادہ کردار کی اہمیت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اللہ تعالی سورہ احزاب آیت ۴۵- ۴۶- ۴۷ میں دینی مبلغ کی پانچ اہم خصوصیات کی اشارہ کیا ہے۔

بنیادی الفاظ: تبلیغ، اہمیت تبلیغ، دینی مبلغ، قرآن میں مبلغ کی صفات۔

۱. (پی ایچ ڈی اسٹوڈنٹ) Hussainbaltistani4@gmail .com.

۲۱. قرآن کریم کی نگاہ میں انسانی معاشرے کی تشکیل نو میں محبت کا کردار

سید نعیم حسین شاہ۱- محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

محبت کا احساس صرف کسی چیز یا شخص سے انس کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ ایک پاکیزہ ارزش ہے جو پروردگار کی جانب سے اخلاقی تربیت اور ہدایت کے لیے انسانوں کو عطا ہوئی ہے۔ محبت کا حقیقی مقصد اللہ تعالی کی بارگاہ میں قرب کا حصول ہے۔ کسی بھی چیز میں افراط و تفریط کے مثبت نتائج سامنے نہیں آتے۔ محبت بھی بالکل اسی طرح ہے۔ محبت کے اس پاکیزہ احساس کو اگر دنیا میں ایک حد تک استعمال کیا جاے اور فانی نعمتوں کو ٹوٹ کر نہ چاہا جاے بلکہ اللہ کی محبت پر ہر چیز کی محبت کو قربان کیا جاے تو گھریلو اور معاشرتی سطح پر اس کے بے شمار مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔ اس صورت میں یہ محبت، پاکیزہ اور شائستہ محبت کہلاے گی۔ لیکن اگر ہم اپنی پسند اور ناپسند اور روزمرہ ترجیحات میں اپنے رب کی نافرمانی کرنے لگیں تو اس صورت میں پورے سماج کو خطرناک نتایج بھگتا پڑیں گے۔

اگرچہ محبت جیسے موضوع پر بہت کچھ لکھا گیا، لیکن یہاں ہم دو قرآنی تفاسیر: "المیزان" اور "فی ظلال القرآن" کی روشنی میں محبت کے اچھے اور برے آثار کو اپنے قلم کی بساط کے مطابق پیش کریں گے۔

بنیادی اصطلاحات:

تفسیر المیزان، تفسیر فی ظلال القرآن، محبت، محبت کے نتائج، معاشرہ (یا سماج)۔

---

۱. (:ایم فل مجتمع آموزش عالی قرآن وحدیث مدرسہ عالی تفسیر وعلوم قرآن)۔

۲۲- قرآن کی روشنی میں وحدت کی اہمیت و ضرورت

ثمین ہ وزیر[۱]

اشاریہ:

اتحادہر زمانے میں، بشر کی اجتماعی زندگی کے کلیدی اور بنیادی عناصر میں سے ایک عنصر رہا ہے اور طبیعت و جہانِ آفرینش کے اصولوں میں سے ایک اصل ہے اور انسانی معاشروں کی اہم ترین آرزووں اور آرمانوں کے زُمرے میں آتی ہے۔ اسی وجہ سے گوہرِ وحدت ہمیشہ، معاشرے کی تمام اکائیوں، گروہوں، ملتوں، اُمّتوں اور ہر نوعِ بشر کی آرزو رہی ہے اور ایک تھیوری و نظریے کے عنوان سے نا قابلِ انکار بیان کی گئی ہے۔قرآنِ کریم وحدت کے موضوع کو جو کہ ایک اساسی موضوع ہے، دو طرح سے دیکھتا ہے۔ قرآنِ کریم توحیدی معاشرے میں وحدت کی تعریف و ستائش بھی کرتا ہے اور اس کے استحکام کے لیے کارآمد طریقے اور مفید دستور العمل بیان کرتا ہے اور نیز افتراق و انتشار کی مذمت بھی کرتا ہے اور تفرقے و انتشار سے بچنے کے لیے واضح و روشن راستے دکھاتا ہے۔۔ اتحاد امت ، شرعی اور سماجی اہمیت و ضرورت ہے جب کہ اختلاف رائے کا وجود فطری ہے، اس لیے ہم شرعی ضرورت کے پیش نظر اتحاد امت کے پابند ہیں اور فکر و نظر کے اختلاف کے باوجود اتحاد امت اور وحدت امت کو اپنی ایمانی اور اسلامی زندگی کا نصب العین سمجھتے ہیں اسی بات کے پیش نظر وحدت کی اہمیت و ضرورت بیان کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں الٰہی ادیان کے ماننے والوں کے درمیان وحدت کے بارے میں قرآنِ کریم کی نظر سے آگاہی و آشنائی کے لیے قرآن کی چند آیات پیش کرتے ہیں۔اور چند نکات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جس کی بناپر ایک معاشرہ تشکیل پاتا ہے۔

کلیدی کلمات: قرآن، وحدت ،اسلام ،اہمیت و ضرورت.

---

۱. (ایم فل المصطفیٰ اسلام آباد).

۲۳. قرآن اور روایات کی روشنی میں طلاق کے عوامل، نقصانات اوراس کا راہ حل

مہربانو شیر خان

اشاریہ:

دین اسلام میں خاندان کی اہمیت و استحکام پر خصوصی زور دیا گیا ہے کیوں کہ یہ معاشرے کی سب سے اہم اور بنیادی اکائی ہے۔ اس بات کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ قرآن کریم کے ایک تہائی احکام عائلی نظام زندگی سے متعلق ہیں۔ نظامِ زندگی میں خاندان کا وجود مرد اور عورت کے درمیان شادی سے ہوتا ہے۔ اور اگر اسی شادی کو برقرار نہ رکھا جاسکے تو نتیجہ طلاق کی صورت میں سامنے آتا ہے اور واسطہ یا بلاواسطہ اس کا اثر تمام معاشرے پر ہوتا ہے۔ طلاق ایک ایسا فعل ہے جس کو قرآن اور احادیث میں ایک ناپسندیدہ ترین فعل قرار دیا گیا ہے۔ اور لوگوں کو اسکے عوامل اور نقصانات سے آگاہ کیا ہے اور ان سے بچنے کا راہ حل بھی بتایا گیا ہے مگر انسان کی مصلحت کی خاطر بعض موقع پر شریعت نے اجازت بھی دی ہے۔ اس تحریر میں مصنفہ نے اس موضوع اور اس سے مربوط مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی روک تھام کے اقدامات کو قرآن وسنت سے بیان کیا ہے۔

بنیادی الفاظ: طلاق، عوامل، نقصان، راہ حل۔

۲۴. قرآن کی روشنی میں خود فراموشی کے معنا شناسی کا تحقیقی جائزہ

نوشابہ نادر[۱]

اشاریہ:

انسان کی ہدایت سے محرومی خود اس کی کوتاہیوں، غلطیوں اور اعمال بد کا نتیجہ ہے وہ اس دنیا کے فریب میں آکر اپنی حقیقت کو بھول جاتا ہے اور غفلت کا شکار ہو کر خود فراموشی یعنی ناخود کو خود سمجھنا، حقیقی تکامل کے راستے سے منحرف ہونا، حیوانی بعد (شخصیت حیوانی) پر توجہ دینا میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ مگر جب حقیقت سامنے آئے گی تو وہ مہلت مانگنے لگے گا جبکہ یہ بیداری بہت دیر میں اور بعد از وقت ہو گی۔ ایسا انسان جو اپنی واقیعت کو فراموشی کے سپرد کر دیتا ہے، حقیقت میں وہ خود سے بیگانہ ہونے سے دوچار ہو جاتا ہے اور خود کو کھو دیتا ہے۔ اس تحریر میں اسی غفلت اور خود فراموشی کو بیان کیا گیا۔ قرآن سے اس کے معنٰی کی وضاحت کی گئی، فراموشی سے مربوط الفاظ (غفلت، خسارت نفس اور ہلاکت نفس) کو واضح کیا گیا۔ اور پھر آیات اور روایات سے اس کے عوامل، عوامل غفلت کے ذیل میں ذکر کیے (کیونکہ غفلت مقدمہ ہے خود فراموشی کا)، اس کی نشانیاں اور اس سے محفوظ رہنے کے طریقے کو بیان کیا گیا۔

بنیادی الفاظ: نسیان اور فراموشی، نفس، خود فراموشی، خدا فراموشی، غفلت، خسران نفس، ہلاکت نفس۔

۱. (ایم اے تفسیر و علوم قرآن المصطفیٰ کراچی).

۲۵- قرآن اور احادیث کے نقطہ نظر سے خاندانی طرز زندگی کے تعمیری اور تخریبی عوامل کا مطالعہ

محمد حسین حافظی[۱]

اشاریہ:

معاشرے کا ایک اہم رکن خاندان ہے اور خاندان کے اہم رکن میاں بیوی ہیں۔ اسلام نے خاندان اور اس کے تحفظ کو بہت اہمیت دی ہے۔ خاندان میں ازدواج، ذہنی و نفسیاتی سلامتی اور معاشرے میں ذہنی سلامتی کے حصول کا سب سے اہم عنصر ہے۔ اس مقالہ کو لکھنے کا مقصد قرآن اور احادیث کے نقطہ نظر سے خاندانی زندگی کی تعمیری اور تخریبی عوامل کا مطالعہ کرنا ہے۔ یہ تحقیق ایک طرح کی بنیادی نظریاتی تحقیق ہے اور حاصل کردہ مواد کو کتاب خانے کی روش کے طریقہ کار سے تجزیہ کرنے کے لئے جمع کیا گیا ہے۔ اس مقالے میں، پہلا مرحلہ کتاب خانے کی روش کو استعمال کرتے ہوئے آیات الہی کا مطالعہ کرنا ہے جو خاندان سے متعلق ہے۔ دوسرے مرحلے میں، اسلامی اہم منابع اور ذرائع جیسے کتاب بحار الانوار، الاستیبصار و... کا استعمال کرتے ہوئے خاندانی طرز زندگی کی تعمیر اور تخریب کے عوامل سے متعلق مطالب جمع کیے گئے ہیں۔ تیسرے مرحلے میں، اس کی تعمیر اور تخریب کے اسباب اور عوامل کو قرآنی نقطہ نظر سے بیان کیا گیا ہے اور آخر میں ان مطالب سے نتیجہ اخذ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تحقیق کے نتیجے سے یہ پتہ چلا کہ خدا نے قرآن مجید میں، خاندانی طرز زندگی کو امن، سکون اور سلامتی کے طور پر بیان کیا ہے۔ اسلام، ایک دین کامل ہونے کی حیثیت سے، انفرادی اور معاشرتی دونوں طرح کی انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں پر مشتمل ہے، اس دین کے ذریعے سے انسان بہترین طرز زندگی کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اسلام کے نقطہ نظر سے بہترین طرز زندگی وہ ہے جس کا بنیادی معیار اور ملاک ایمان اور تقویٰ ہو۔

بنیادی الفاظ: قرآن ، حديث ، طرز زندگی، تعمیر، تخریب، خاندان، ازدواجی زندگی.

۱. (ایم فل اسکالر المصطفیٰ انٹرنیشنل یونیورسٹی قم)

۲۶- قرآن کی نظر میں خود سازی کا اثر معاشرہ سازی پر

عروج زہراء[۱]- محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

خود سازی پر قرآن مجید بہت تاکید کرتا ہے اور اسے فردی اور اجتماعی زندگی کی نجات اور ضامن سمجھتا ہے ۔قرآن کریم کی متعدد آیتوں میں خود سازی کی اہمیت، ضرورت اور اس کے مختلف اثرات کی طرف واضح اشارہ ہوا ہے۔خود سازی دراصل معاشرہ سازی کے لئے ایک بنیاد ہے جب تک خود سازی کی بنیاد محکم نہیں ہو گی اس وقت تک معاشرہ سازی کی عمارت تعمیر نہیں ہوسکتی۔قرآن مجید کی مختلف آیات میں خود سازی کے معاشرتی زندگی پر اثرات کی طرف بھی اشارہ ہوا ہے جن کو سمجھنا معاشرتی تبدیلی کے لئے ناگزیر ہے اور اسی طرح عدم تزکیہ اور عدم تہذیب کے منفی پہلوؤں پر بھی قرآن نے کھل کر بات کی ہے کہ کیسے ایک فرد یا ایک سماج عدم تزکیہ کی وجہ سے ہلاک ہو سکتا ہے۔

معاشرتی ارتقاء اور تکامل سے خود سازی کا نہایت ہی گہرا تعلق ہے ان تعلقات کی نوعیت کو کشف کرنے اور خود سازی کے عمل کو بہتر بنانے کے لیے راہکار اور راہ حل پیش کرنا اس مقالے کا اہم ہدف ہے۔انقلاب اسلامی ایران ایک اجتماعی انقلاب ہے جو معاشرے کی ترقی اور تربیت میں عنصر خود سازی کی طرف دنیا کو متوجہ کیا اور بشریت کو مادی دنیا سے ایک ایسی معنوی دنیا کی طرف دعوت دی کہ جہاں مادیات کے بجائے اخلاقیات و عقلانیت حاکم ہے۔انسان کی قیمت زر کے بجائے اس کا علم، معرفت، اجتماعی شعور اور الٰہی سوچ معین کرے گی۔انقلاب اسلامی ایران نے ایک معنوی انقلاب بپا کیا اور ۴۱ سالوں سے دنیا کی رہبری کر رہا ہے اور یہ سمجھانے کی کوشش کر رہا ہے کہ اس بحران معنویت اور خود غرض ماحول میں بھی نظام اسلامی انسان کو نجات دے سکتا ہے۔اصلی سوال، "قرآن کی نظر میں خود سازی کا اثر معاشرہ سازی پر" ؟ ہے۔

بنیادی الفاظ: خود سازی، معاشرہ سازی، قرآن مجید، انقلاب اسلامی ایران، اثرات، راہ حل.

۱. (جامعہ المصطفیٰ العالمیہ، اسلام آباد).

۲۷- قرآن کی نگاہ سے رہبری کی شرائط اور اس کا امت اسلامی کی بیداری میں کردار کا ایک جائزہ

فرح زیدی[۱]

خداوند عالم نے قرآن کریم میں امت اسلامی میں بیداری ایجاد کرنے نیز اس کی حفاظت اور پائیداری کے لئے کچھ اہم اصول و شرائط ذکر کیئے ہیں. الٰہی نمائندوں میں یہ شرائط پائی جاتی ہیں جن کی وجہ سے وہ امت اسلامی کو خواب غفلت سے بیدار کرنے نیز ان میں تحولات ایجاد کیئے ہیں۔ علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر جو بیداری آئی ہوئی ہے اور اس میں ملت اور ان کے نمائندوں کے کردار پر توجہ کرنے سے امتوں کی بیداری کے لئے ان شرائط کی پہچان اور ان کے استعمال کے صحیح طریقہ سے آشنائی کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

ایک ایسا رہبر کہ جس میں بصیرت، استقامت اور صبر و توفیق نہ ہو وہ کبھی بھی اپنے دشمن کا ڈٹ کے مقابلہ نہیں کر سکتا اور نہ ہی اپنی ملت کے اساسوں کی حفاظت کر سکتا ہے۔ نیز ملت کو بھی ان شرائط کا حامل ہونا ضروری ہے کیونکہ ملت میں ان شرائط کا فقدان انہیں اپنے ہدف تک پہنچنے نہیں دے گا۔ ملتوں کی تقدیر رقم کرنے میں نمائندے اور رہبر ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان کی کامیابی اور ناکامی خود رہبر پر، اس کی روحی شرائط اور فیصلوں پر منحصر ہے۔ نیز اسلامی اقدار اور متکبرانہ افکار کی مخالفت کی بنا پر نیا مشرق وسطی (Middle East) کا قیام باعث بنا کہ قرآن کی نظر سے رہبری کی ضرورت اور اس کے شرائط و کردار کو زیادہ موضوع بحث قرار دیا جائے۔

نیز جب علاقائی تبدیلیوں پر توجہ دی جائے تو یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ استکباریت کی شکست اور جبہہ مقاومت کی کامیابی نزدیک ہے۔

کلیدی الفاظ: شرائط، رہبری (نمائندہ)، کردار، اسلامی بیداری، امت، تحولات۔

---

۱. بنت الہدی کارشناسی ارشد Farahzaidi1998@gmail.com .

۲۸. قرآن اور احادیث میں عورت کا مقام

سحر بتول

اشاریہ:
اسلام کی نظر میں انسان (مرد و عورت) کو بہترین مقام و حیثیت سے نوازا ہے مگر افسوس کہ جو مقام عورت کو خدا نے دیا ہے اسے یا تو اس سے محروم کر دیا گیا ہے یا پھر حد سے بڑھا دیا گیا ہے۔

میں نے اپنی اس تحقیق میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ قران میں عورت کا کیا مقام ہے اور اھلبیت علیہم السلام کی نگاہ میں عورت کس احترام کا مستحق ہے۔

اس کے علاوہ عورت کا مقام بحیثیت عورت، بحیثیت ماں، بحیثیت بیٹی قران کی رو سے کیا ہے؟

اور اسلام سے قبل کے لوگ عورت کے بارے میں کیا منفی سوچ رکھتے تھے جیسے کہ بیٹی کو پیدا ہوتے ہی زندہ دفنا دینا، اسے میراث میں حق نہ دینا، مرد اور عورت کو عمل میں برابر نہ ماننا وغیرہ ان سب باتوں کو قران کے ذریعے رد کیا ہے۔

اور ساتھ ساتھ مثالی خواتین میں سے دو (حضرت مریم و حضرت آسیہ) کا تذکرہ کیا ہے جو تمام امت مسلمہ کیلئے نمونہ ہیں۔

اور یہ تحقیق تین فصلوں پر مشتمل ہے۔ پہلی فصل میں کلیات بیان کی گئی ہیں دوسری فصل میں اسلام سے قبل عورت کے کیا حالات تھے وہ بیان کئے ہیں اور تیسری فصل میں قرآن و اہلبیت علیہم السلام کی نگاہ میں عورت سے محبت کے آثار بیان کیے گئے ہیں اور آخر میں نتیجہ گیری کی گئی ہے۔

بنیادی الفاظ: عورت، قرآن، اسلام، مقام، میراث.

۲۹. طاغوتی مظالم کی انتہا اور انقلاب اسلامی کی ترقی کی ابتدا

غلام مرتضی انصاری[۱]- محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

انقلاب اسلامی کے دشمنوں خصوصا امریکہ اور اسرائیل کا ایرانی عوام پر ڈھانے والے ظلم اور بربریت کا فہرست وار تذکرہ کرنے کے بعد انقلاب اسلامی کے اہم نتائج کو مختصر طور پر بیان کیا ہے،اس امید کے ساتھ کہ جدید نسل قارئین گرامی کے لئے استعماری طاقتوں کا حقیقی چہرہ بے نقاب کرکے انقلاب اسلامی سے پہلے مظلوم ایرانی عوام کی بے بسی پر طائرانہ نظر کرنے کے بعد امام خمینی رحمۃ اللہ علیہ اور اسلامی انقلاب کے ایرانی عوام کے علاوہ پوری دنیا میں تمام مستضعفوں اور مظلوموں اور حق وانصاف کے طلب گاروں کے لئے فیوض وبرکات جن میں سب سے بڑی نعمت ،دنیا کے بڑے بڑے طاغوتی فرعونوں کے چنگل سے آزادی اور ان کے خلاف آواز بلند کرنے کی جرات پیدا کرنا اور مظلوموں کی حمایت میں صدائے احتجاج بلند کرنے کا حوصلہ پیدا کرناتھا، ورنہ اس الہی اور اسلامی انقلاب سے پہلے کسی قوم اور ملک میں یہ طاقت اور جرات کا تصور بھی نہیں کر سکتا تھا، لیکن آج اس انقلاب کی بدولت دنیا کے غریب سے غریب ملکوں میں بھی امریکہ مردہ باد اسرائیل مردہ باد کے نعرے بلند ہو رہے ہیں،اور طاغوت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنے حقوق کی باتیں کر رہے ہیں،اور ان شاء اللہ وہ دن دور نہیں جب مہدی برحق کا ظہور ہو گا اور اس دنیا کو جس طرح ظلم و جور سے بھر چکی ہے، عدل وانصاف سے بھر دے گا۔

بنیادی الفاظ: انقلاب اسلامی ایران، استعماری طاقتوں کے مظالم، رضا شاہ حکومت کی خیانتیں، انقلاب کے اہم نتائج۔

---

۱. پی ایچ ڈی اسٹوڈینٹ gmansari61@gmail

۳۰. سورہ بینہ کی ساتویں آیت کی روشنی میں کامیاب جماعت کا تعارف

حافظ اکرم رضا[۱]

اشاریہ:

خیر اور شر دو ایسے جریان اور تفکر ہیں جو ہمیشہ ایک دوسرے کے خلاف تھے اور ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ، حق کے حامی خیر البریہ کے نام سے جانے جاتے ہیں، اور باطل اور شیطانیت کے حامی شر البریہ کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ سورہ بینہ کی ساتویں آیۃ میں ان دو جریان اور تفکر (خیر البریہ، شر البریہ) کے بارے میں بیان ہوا ہے ۔ اس مقالہ میں تلاش کی گئ ہے ایسے منابع اور اسناد جو فریقین (شیعہ سنی) کی نظر میں بھی قابل قبول ہو اور اس طرح متلاشی حق خیر البریہ اور شر البریہ کے واقعی مصداق اور ان دو تاریخی تفکر تک پہنچ سکے۔ فریقین کی متعدد روایات نے امیر المومنین علی ابن ابی طالب (علیہ السلام) اور ان کے شیعوں کو مصداق خیر البریہ کے طور پر پیش کیا ہے۔ ان روایات کو پینتیس (۳۵) سے زیادہ راویوں نے روایت کیا ہے۔ یہ روایات کثرت طرق (کہ بعض نے چالیس سے زیادہ طریقوں سے نقل کیا ہے) کی وجہ سے بہت ہی اعلی اور غیر معمولی اعتبار کے حامل ہیں۔ سبب و شان نزول کی روایتوں کا بغور جائزہ لے کر، یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ آیت وقت کے ساتھ ساتھ شیعیان علی علیہ السلام کے خطوط فکری کو پہچاننے کے لئے ایک واضح اور دیر پاسند ہے، اور شیعوں کی حقیقی صورت اور اصلیت کی معرفی کر رہی ہے۔ اس تحریر میں اس اہم سوال «شیعہ کب سے وجود میں آئے»، کا تسلی بخش اور فریقین کی کتابوں سے علمی اور منطقی جواب دیا ہے اس امید کے ساتھ کہ بہت سے متلاشیان حق کے لئے اس کا مطالعہ سبب بن جائے گا کہ وہ لوگ بغیر تعصب، جہالت اور تہمت ایک نتیجہ تک پہنچیں اور اس طرح ان کے لئے معنوی اور ملکوتی دروازے کھل جائیں گے۔

کلیدی الفاظ: قرآن مجید سورہ بینہ، خیر البریہ، شر البریہ، روایات فریقین، علی کے شیعہ، کامیاب جماعت۔

۱. پی ایچ ڈی طالب علم المصطفیٰ انٹر نیشنل یونیورسٹی قم، (akramraza@gmail.com)

۳۱. عالمی امن قائم کرنے کے تین بنیادی اصول امام علی علیہ السلام کی نگاہ میں

زوار حسین مطہری

اشاریہ:

معاشرے میں اجتماعی اور انفرادی زندگی کا فلسفہ امن اور بھائی چارے پر مبنی ہے اور اسی اصول کی وجہ سے قرآن مجید اور امیر المومنین امام علی علیہ السلام کی سیرت سے امن کا پیغام ملتا ہے۔اسلام کا وجود سماجی زندگی میں امن کی تاکید کرتا ہے، اور یہاں تک کہ امام علی علیہ السلام کے ۲۵ سالہ طویل صبر کو بھی اسی روشنی میں دیکھا جانا چاہیے۔

قرآن مجید اور امیر المومنین علیہ السلام کے اقوال میں، مختلف ممالک، اقوام اور معاشروں کے مابین امن پیدا کرنے کے لئے تین سنہری اصول موجود ہیں، جو بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ انسانی حقوق کا احترام، دوسروں کی شخصیت کا احترام اور دوسروں کے حقوق کو قبول کرنا، یہ وہ اصول ہیں جن کی رعایت کرنے سے انسانی معاشروں میں سلامتی، فلاح و بہبود اور پایدار امن کی بنیاد پڑھ سکتی ہے۔

اسلام تمام انسانوں کو مفاہمت اور صلح کی دعوت دیتا ہے اور اسی چیز میں انسانیت کی بقاء جانتا ہے یہ اسلام کی ظرفیت کی دلیل ہے کہ تمام تر اختلافات کے باوجود دنیای اہل کتاب کو صرف ایک «کلمہ» کی بنیاد پر اتحاد و یکجہتی کی دعوت دیتا ہے۔اسلام میں، جنگ اسی وقت ضروری ہے جب دشمنوں کے ہاتھوں میں اسلام کی شان ختم ہو جائے اور دشمن، اسلام کی نابودی چاہتا ہو اور اس مقصد کے لئے کوشش کرے۔ اسلام نے ایک انسان کے قتل کو تمام انسانوں کے قتل اور ایک انسان کی نجات کو پوری انسانیت کی نجات کے مترادف قرار دیا ہے، اس سے اسلام میں سلامتی کی اہمیت اہمیت کا پتہ چلتا ہے اوراسلام کے نزدیک احترام انسانیت کاجذبہ کھل کر سامنے آتا ہے۔

کلیدی الفاظ: قرآن کریم،امام علی، تین سنہری اصول، امن، صلح ،انسانی حقوق کی رعایت، شخصیت کا احترام، دوسروں کو جینے کا حق دینا۔

۳۲. عالمی سیاست پر امام خمینی (س ح) اور انقلاب اسلامی ایران کے اثرات

فرمان علی سعیدی شگری[۱] ناصر باقری بیدی ہندی

اشاریہ:

بیسویں عیسوی صدی کے آخر میں اسلامی انقلاب ایران کا وقوع پذیر ہونا، بہت ہی اہمیت کا حامل ہے، جسکی مختلف زاویوں سے دقت کے ساتھ مطالعہ کی ضرورت تو پہلے سے ہی تھی۔ بعض مکانی اور زمانی خصوصیات اور خطے میں اسکے بڑھتے ہوے اثرات کی وجہ سے اسکی اہمیت اب اور بھی بڑھ گئی ہے، ایران اس وقت عالمی تجزیہ نگاروں اور سیاست دانوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ایران کا اسلامی انقلاب ایسے وقت میں کامیاب ہوا جب دنیا بھر میں دین کا سماجی اور سیاسی چہرا عالمی منظر سے ناپید ہوتا جارہا تھا اور اسلامی حکومت کا تصور ایک قصہ پارینہ ہوچکا تھا-اگرچہ آج جبکہ انقلاب کو برپا ہوئے ۴۰ برس ہوچکے ہیں اور سامراجی طاقتوں کی تمام تر کوششوں کے باوجود نہ صرف خطے کی سب سے مضبوط فوجی اور سیاسی لحاظ سے بانفوذ قدرت بن چکا ہے، جسکو معروف برطانوی تجزیہ نگار رابرٹ فکس اسطرح تحلیل کرتے ہوئے نظر آتے ہیں" ایران کے ہاتھوں عراق اور شام میں داعش کی شکست کے بعد مشرق وسطی میں امریکہ کی خارجہ پالیسی عملا ناکام ہوچکی ہے"

انقلاب ایران ایسے وقت میں کامیاب ہوا جب شاہ کی حکومت کو امریکہ اور مغربی طاقتوں کی بھرپور حمایت حاصل تھی۔ ایران اور اسکے ہمسایہ ممالک انرجی کے مرکز تھے، یہ علاقہ عالمی اقتصاد کے لئے ریڑہ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا تھا۔ جس کا کنڑول امریکہ کے ہاتھ سے نکل کر انقلابی قیادت کے ہاتھ میں آگیا تھا۔ جن کی اولین ترجیحات استکباری نظام اور استعماری سیاست کا خاتمہ اور اسلامی قوانین کا نفاذ تھا، یہ وہ مقاصد تھے جن کیلیے اسلامی تنظیمیں اور خطے کے مسلمان اپنے اپنے طور پر گذشتہ ایک صدی سے کوشش کررہے تھے۔ اس لیے انقلاب نے اسلامی دنیا کے مسلمانوں کے دل میں اپنے ممالک میں بھی اسلامی حکومت کے قیام کی آرزو اور اسکے لیے کوشش کرنے والوں میں امید کی تازہ روح پھونک دی۔ البتہ دوسری طرف سے ایران خطے کی استبدادی اور شہنشاہی حکومتوں کے درمیان فاصلے بڑھ گئے جو ایک طبیعی عکس العمل تھا کیوں کہ عرب حکمران بخوبی آگاہ تھے کے یہ انقلاب ایران تک محدود نہی رہے گا، عنقریب انکی عوام بھی آزادی اور اسلامی حکومت کا مطالبہ کرینگے۔

۱. (پی ایچ ڈی کلام).

دوسری طرف سے ایک ایسی آزاد اسلامی حکومت کا قیام، جس کا نعرہ نہ شرقی و نہ غربی تھا، مغربی دنیا سے بھی اس کے تعلقات پر اثر پڑا کیونکہ اس انقلاب سے یورپی خاص کر امریکی معاشی اور سیاسی منصوبوں کو شدید دھچکا لگا اور ان کے مفادات خطرے میں پڑ گئے۔ اس لیے انقلاب کے فورا بعد صدام حسین نے ایران عراق سے امن معاہدہ کی یک سر خلاف ورزی کرتے ہوے، امریکہ، یورپ اور خطے کی بعض حکومتوں کی مالی، تسلیحاتی اور فوجی مدد کے ساتھ ایران پر حملہ کیا گیا، اور یورپی حکومتوں کی طرف سے فراہم کردہ کیمیکل ہتیاروں سے بے گناہ شہریوں پر حملے کر کے ہزاروں بے گناہ انسانوں کا قتل عام کیا گیا۔انقلاب کے عالمی اثرات کو ایران کی جیوپولیٹک اور جیو اسٹراٹیجک حیثیت نے اور زیادہ شدت بخشی۔ یہ انقلاب لیبریزم اور سوشلزم کے مقابلے میں، تیسری دنیا کے مستضعف اور پسے ہوے عوام لیے ایک رول ماڈل اور آرمان میں بدل ہو گیا۔ جس کے نتیجہ میں عالمی سیاست میں اسلامی انقلاب ایک تیسری نئ قوت اور نظریہ کی صورت میں ابھر کے سامنے آیا۔

کلیدی الفاظ: سیاست، امام خمینی، ایران، انقلاب اسلامی اور حکومت۔

۳۳. عصر غیبت میں خواتین کی ذمہ داریاں

رباب حسن

اشاریہ:

اللہ نے انسانوں کو اشرف المخلوقات خلق کرنے کے بعد قوانین کو وضع کیا اور ہماری رہنمائی کے لئے انبیاء اور پھر آئمہ کو اپنا نمائدہ بنا کر بھیجا۔ دور حاضر میں بھی خدا کا نمائدہ ہمارے درمیان موجود ہے مگر لوگوں کی نظریں انھیں دیکھنے سے قاصر ہے۔ ہر دور میں بہت سارے انبیاء اور اولیاء تشریف لائے لیکن دنیا کو مکمل طرح برائیوں سے پاک نہ کر سکے۔ اس کی بنیادی وجہ خود انسان ہے جو ایک منجی کا انتظار تو کرتا ہے مگر اس منجی کے آنے سے پہلے اور آنے کے بعد اپنی ذمہ داریوں کو انجام نہیں دیتا۔ مرد اور خاتون دونوں کی اپنی اپنی الگ ذمہ داریاں ہیں جس کو نبھا کر ہی وہ دور حاضر کے منجی کے آنے سے پہلے کی تیاری میں اپنا حصہ ڈال سکیں گے۔ اس تحریر میں جس چیز کو زیرِ بحث لایا گیا ہے وہ ظہور امام علیہ السلام کے لئے ماحول کو سازگار بنانے میں خواتین کیسے اپنا کردار ادا کر سکتیں ہیں اور عصر معصومین علیہم السلام میں خواتین کا کیا کردار رہا ہے، ہے۔

بنیادی الفاظ: عصر، غیبت ، ذمہ داری، قرآن، منجی.

۳۴-معاشرتی تبدیلیاں اور استاد یعقوب بشوی کے سماجی ارتقا کے نظریے کا تجزیاتی مطالعہ

مقدر عباس[۱]- سید بہادر علی زیدی[۲]

اشاریہ:

معاشرتی تبدیلی کے بارے میں انسانی علوم وعمرانیات کے ماہرین اور دانشوروں کی طرف سے متعدد نظریات بیان ہوئے ہیں جو علوم کی پیدائش اور پھیلاؤ بالخصوص سماجیات کی نشر واشاعت میں بہت اہم کردار کے حامل ہیں، لیکن اس کے باوجود اس بارے میں بہت سارے ایسے مسائل موجود ہیں جن کے بارے میں تحقیق ہی نہیں ہوئی .ایسالگتاہے کہ ان سب نظریات کا نقطہ اشتراک ایک مشخص اور منظّم نظام کا پیش نہ کرنا ہے۔اس طرح ان نظریات کے نقائص میں سب سے زیادہ محسوس ہو نے والا نقص اور کمی داخلی ہم آہنگی کا نہ ہونا، ابہام گوئی اور بعض نظریات کا آپس میں متضاد اور متصادم ہونا ہے۔ ڈارون نے حیاتیاتی ارتقاکے بارے میں مختلف نظریات پیش کیے ہیں لیکن اس سے پہلے ماہرین علم (کون سا علم؟) جیسے اسپنسر، کانت اور مودگان نے بھی معاشرتی تبدیلی کے موضوع پر اجتماعی تکامل کے نظریے کے بارے میں بحث کی ہے۔ جو لوگ اجتماعی تکامل کے نظریے کی طرف داری کرتے ہیں ان میں سے بعض نے حیاتیاتی ارتقااور اجتماعی ارتقامیں فرق نہیں کیاہے ۔

استاد محترم ڈاکٹر محمد یعقوب بشوی نے معاشرتی تبدیلی کے حوالے سے ایک جدید نظریہ پیش کیاہے اور وہ نظریہ معاشرتی تبدیلی اور سماجیات میں اجتماعی تکامل کا نظریہ ہے جو صالح رہبری یا غیر صالح رہبری کے گرد گھومتاہے۔ قرآن کریم زیست شناسی کی یا حیاتیاتی کتاب نہیں ہے، بلکہ انسان کی ہدایت کی کتاب ہے، لیکن اس کے باوجود قرآن اس مسئلے کے بارے میں خاموش نہیں ہے، بلکہ معاشرتی زندگی میں تکامل وارتقا کی دونوں انواع: حیاتیاتی ارتقااور اجتماعی ارتقاپر توجہ دیتاہے۔

حیاتیاتی ارتقا میں انسان براہ راست عمل دخل نہیں رکھتا، لیکن اجتماعی ارتقا میں انسان کے ارادے اور انتخاب کے بغیر تبدیلی اور تغیر ممکن نہیں ہے یعنی تبدیلی وجود میں ہی نہیں آسکتی۔ قرآن کریم عمرانیات کے

---

۱. (ایم فل جامعہ المصطفیٰ العالمیہ).

۲. phdاسکالر جامعہ المصطفیٰ العالمیہ قم.

ماہرین کے برعکس معاشرتی تبدیلی کے بارے میں ایک قیمتی اور اہم نظریہ رکھتا ہے جس کے ذریعے وہ عمرانیات کے بہت سے ایسے سوالوں کا جواب دیتا ہے جن کا جواب ماہرین عمرانیات کے پاس موجود نہیں ہے، کیونکہ قرآن کریم ہست ہا یعنی ''جو موجود ہے'' کے علاوہ باید ہا یعنی ''کیا ہونا چاہیے'' کے بارے میں گفتگو کرتا ہے، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر چیستی ''کیا ہے؟'' کی بجائے چرایی ''کیوں، کیسے'' کے بارے میں بھی بحث کرتا ہے۔ قرآن کریم کی آیات میں دقّت اور غور و فکر سے تدریجی طور پر اجتماعی تکامل کا برتر نظریہ انسان کی آزمائش اور امتحان کے راستے سے حاصل ہوتا ہے۔

اس تحقیق کا اصل مقصد اور ہدف معاشرتی تبدیلیوں کے بارے میں قرآن کریم کی فکری بلندی اور ہدایتی پہلو کو بیان کرنا ہے۔ اس مقالے کو متون اور اسناد کے مطالعے اور مضمون و مفہوم کی تحلیل کیساتھ کیفی روش سے انجام دیا گیاہے۔

بنیادی الفاظ: قرآن، سماجی ارتقا، برتر نظریہ، معاشرتی مثبت اور منفی تبدیلیاں، امتحان، صالح رہبری، فاسد رہبری۔

۳۵- معاشرتی تکامل میں اخلاقیات کااثر قرآن کی روشنی میں

اشرف حسین موحدی- محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

اخلاقیات معاشرتی مسائل میں سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں اور اس کی اہمیت کااندازہ اس بات سے لگائی جاسکتی ہے کہ یہ موضوع بعثت رسل کا ہدف قرار پایا ہے جیسا کہ پیغمبر اکرم ﷺ کی بعثت کا مقصد بھی "انّما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق، ہی قرار پایا ہے تاکہ مکارم اخلا کی تکمیل ہوسکےاور اسی میں انسانی کمال اور بقاکاراز پوشیدہ ہے-قرآن مجید میں تقریبا ۱۶۰۰ آیات تنہا اخلاقیات سے متعلق موجود ہیں. قرآن مجید کی گواہی کے مطابق ،پیامبر اکرم ﷺ خلق عظیم کے مالک ہیں۔رسول اکرم ﷺ کے خلاق کی وجہ سے اسلام ، عرب میں اور عرب دنیاسے باہر بڑی تیزی سے پھیلااور بت پرستی، شرک اور جہالت کے خلاف انقلاب محمدی کامیاب ہوا اور تیزی سے تکامل کے منازل طے کیا۔

اخلاق حسنہ سے معاشرہ بنتاہے اور ترقی کرتاہے اور اخلاق رذیلہ سے معاشرہ بگڑتاہے اور تنزلی کا شکار ہو جاتاہے، جس معاشرہ میں سچ، دیانتداری، وعدہ وفائی، رواداری، مساوات، انصاف، اور اخوت رائج ہو جائے تو ایسا معاشرہ امن کا گہوارہ بن جاتا ہے،اور تکامل کا سفر طے کرتا ہے لیکن اگر خدا ناخواستہ معاشرہ میں شہوت پرستی، حسد، تکبر، خود بینی، بے صبری، جھوٹ، بد دیانتی، بے یقینی، ظلم وستم، بے حیایی، اور بے غیرتی رواج پائے توایسامعاشرہ زوال پذیر ہوجاتاہے۔

جن معاشروں میں اخلاقی اصولوں کی رعایت نہیں کی جاتی ہے تو درحقیقت وہ معاشرہ، مردہ معاشرہ کہلاتاہے. اس مقالے میں اس چیز کو بیان کرنے کی کوشش ہوگی کہ اخلاقیات کیسے معاشرہ کے تکامل کاذریعہ بنتاہے۔

بنیادی کلمات: معاشرہ، تکامل، تنزل، قرآن، حدیث، نمونے.

۳۶. معاشرتی اصلاح کے لیے امام رضا (علیہ السلام) کی سیاسی سیرت

شیر محمد مقدسی[۱]

اشاریہ:

رہبران الٰہی کی صفات و ذمہ داریوں میں سے ایک معاشرتی اصلاح ہے جس کے ذریعے وہ معاشرہ کی تعمیر و ترقی کیلئے بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔

معاشرے میں بسنے والے افراد کی ان اہداف سے ناآشنائی اور بعض لوگوں کی خود غرضی کی وجہ سے ہمیشہ رہبران حق کو اصلاحی راہ میں مشکلات درپیش رہی ہیں۔

اسلام کے حقیقی پیشوا اور پیمبر ختمی مرتبت کے وارثین برحق ہونے کے لحاظ سے ائمۂ معصومین نے قرآن و سنت کے جامع نظام کی روشنی میں معاشرتی اصلاح کا ایک مکمل سسٹم پیش کیا۔ جس میں دین، سیاست سے جدا نہیں۔ بلکہ سیاست معاشرہ کی اصلاح کا سب اہم ذریعہ ہے۔ لیکن مخالفین اسلام نے ہمیشہ سے سیاست کو دین سے الگ رکھنے کی کوشش کی۔

یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ اسلامی قوانین سیاسی پہلو کے بغیر معاشرے میں قابل نفاذ نہیں ہے۔ اسلام کا اصل مقصد ہی یہی ہے کہ روئے زمین پر خدا کی حکومت قائم ہو۔ اسی لیے ایک لاکھ ۲۴ ھزار انبیاء مبعوث ہوئے۔ ان سب کا ہدف زمین پر الٰہی قوانین کا اجرا و نفاذ تھا۔ جیسا کہ یہ بات روشن ہے جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعثت سے پہلے لوگوں کے درمیان صادق و امین سے معروف تھے جوں ہی رسالت کا اعلان ہوا۔ ساحر اور کاذب کہہ کر مخالفت شروع وئی۔ کیونکہ لوگ جانتے تھے یہ صرف تبلیغ دین کے لیے نہیں بلکہ زمین پر ایک الٰہی حکومت کا قیام آپ کا مقصد ہے۔ اس صورت میں بعض لوگوں کی مفادات خطرے میں پڑ جاتے تھے۔

انبیاء کا کام صرف ان کے عقائد درست کرنا نہیں بلکہ انسان کی طرز زندگی کو تبدیل کرنا تھا اسلئے انھوں نے عقیدے کے ساتھ سیاسی اصلاح اور حکومت اسلامی کے قیام کی کوشش کی۔ ائمہ طاہرین نے وارث پیغمبر ہونے کے ناطے آپ کے انہی اہداف کو آگے بڑھائے مگر ہر ہر امام کی روش اور طریقہ ایک دوسرے سے مختلف تھا۔ ہر ایک نے اپنے ادوار کے تقاضوں کے مطابق مبارزے کی روش اپنائی۔ جیسا کہ امام علی علیہ السلام نے

---

۱. (رشتہ فقہ تخصصی علوم سیاسی مجتمع العلوم)

اپنے دور کے مطابق ایک روش اپنائی۔ دوسرے اماموں نے اپنے دور کے مطابق۔امام رضاع کی جب نوبت آئی تو اس وقت بنو عباس کی حکومت عروج پر تھی اور شیعوں پر ظلم ستم کی پہاڑ گرا رہے تھے امام علیہ السلام نے بصیرت کے ساتھ کا مقابلہ کیا۔ زیر نظر مقالہ میں"امام رضا علیہ السلام کے معاشرتی اصلاح کے سیاسی طریقہ کار کو بیان کرنا مقصود ہے۔جو آپ نے اس پر آشوب دور میں اسلام کی بقا و اشاعت کے لیے اپنایا۔

کلیدی الفاظ: امام رضا، سیاست، تدبیر، امامت ولایت، معاشرہ.

۳۷- مثبت معاشرتی تبدیلی کے عوامل قرآنی نگاہ میں

یداللہ صالحہ - محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

معاشرتی تبدیلی علم عمرانیات کے جدید اور نئی اضافہ شدہ ابحاث میں سے ہیں جس کی جڑیں علوم تفسیر قرآن میں موجود ہیں قرآن اگرچہ علم عمرانیات کی کتاب نہیں ہے لیکن اس کا بنیادی مقصد افکار میں تبدیلی ایجاد کرنا افراد اور معاشرے میں تبدیلی ایجاد کرنا ہے اور ایسی اہداف کو حاصل کرنے کیلئے چند عوامل درکار ہیں جنکے وسیلے سے مدنظر تبدیلی پیدا کی جاسکتی ہیں جہاں پر قرآن مجید تنہا عامل تبدیلی کو رد کرتا ہے وہیں پر سماجی تبدیلی کے لیے متعدد عوامل بیان بھی کرتا ہے

لہٰذا ایسی عوامل کی پہچان غیر معمولی اھمیت کا حامل ہیں قرآن مجید مثبت اور منفی قسم کے عوامل کی طرف اشارہ کرتا ہے ان مین سے ایک مادی اور معنوی لحاظ سے تقسیم ہیں اس مقالہ میں فقط مثبت و منفی عوامل سے متعلق بحث کی ہیں.

یہ عوامل تبھی تبدیلی ایجاد کرتا ہے جب تبدیلی کیلئے شرائط اور میدان فراہم ہوں ان میں سے بعض عوامل اساسی قسم کے ہیں اور تاثیر گذار بھی ہیں قرآن کریم کا عوامل معنوی پر اصرار ہیں ساتھ ہی ساتھ عوامل مادی کی طرف بھی اشارہ موجود ہیں

درحقیقت عوامل معنوی کا زیادہ تر کردار افکار و نظریہ کے ذریعے تبدیلی ایجاد کرنے میں ہیں اس کے بعد کردار بدلتا ہے اس نکتے کی جانب توجہ ضروری ہے کہ ان میں سے بعض عوامل کا معاشرہ کی پہچان میں اثر رکھتا ہے اور اسی طرح نفسیات کی پہچان میں بھی اثر رکھتا ہے

اس تحقیقی مقالے کا اسلوب، تفسیری موضوعاتی قرآن کریم کی طرز پر ہے (جیسے اسلوب اجتھادی) اور اسلوب کیفی معاشرتی علوم کی تحقیق کی طرز پر ہے نیز متوجہ رہے سیاق و سبق اور مآخذ کے قسم کا مطالعہ اور محتوی کی تحلیلی اسلوب اکتشافی ہیں

اھم اصطلاحات : عوامل مثبت، سماجی تبدیلی، اعتقادات، اقدار، معاشرتی معمولات یا سوشل نارزم.

۳۸. نوجوانوں کے اخلاقی برائیوں کے عوامل واسباب اور اس کا راہِ حل قرآن وحدیث کی روشنی میں

عشرت ممتاز علی

اشاریہ:
نوجوانی قوتوں، صلاحیتوں، حوصلوں، اُمنگوں، جفاکشی، بلندپروازی اور عزائم کا دوسرا نام ہے۔ کسی بھی قوم وملک کی کامیابی وناکامی، فتح وشکست وغیرہ میں نوجوانوں کا اہم کردار ہوتا ہے اور وہ قوم کے مستقبل کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ اور اگر یہی نوجوان اخلاقی برائیوں میں پڑ جائیں تو یہ معاشرے میں بگاڑ کا باعث بنتے ہیں۔ اخلاقی اقدار کی موجودگی ہی کسی معاشرے کو مہذب بناتی ہے۔ ان کے وجود سے ہی معاشرتی ڈھانچہ اپنا وجود برقرار رکھتا ہے اور تہذیب نشوونما پاتی ہے۔ دور حاضر کے نوجوان طبقے کا ایک بڑا حصہ ان اخلاقی اقداروں کو فراموش کر چکا ہے اور مختلف قسم کی برائیوں میں مبتلا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ دینِ اسلام سے دوری ہے اسلامی تہذیب وتمدن کو روندتے ہوئے یہ نوجوان آج خود کو دنیا کی تیزرفتارترقی اور اس جہاں فانی میں کامیابی کے حصول کا خواہش مند دکھائی دیتا ہے مگر درحقیقت یہ نوجوان طبقہ گمراہی کے دہانہ پر کھڑا ہے اور یہ صورت حال مزید سنگین صورت اختیار کرتی جارہی ہے ان سب کے باوجود مایوس ہونے کے بجائے ہمیں قرآن وسنت کا دامن تھام لینا ہوگا، اس پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنے اسلاف کی شان دار اخلاقی روایات پر چلیں تو اس اخلاقی زوال سے بچا جاسکتا ہے۔ اس تحریر میں بھی مصنفہ نے اپنی تمام صلاحتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے قرآن وحدیث سے اس سنگین مسئلہ کے حل کے لئے کوشش کی ہے تاکہ اس کو جان کر نوجوانوں کو اور اپنے معاشرے کو بگاڑ سے نکالا جاسکے۔

بنیادی الفاظ: نوجوان، اخلاق، عومل، قران، برائی۔

۳۹- نظر بد، حقیقت، نظریات اور علاج

رباب ملکوتی[1]

اشاریہ:

نظر بد کے بارے میں ہمارے معاشرے میں مختلف تصورات، نظریات اور قصے کہانیاں رائج ہیں۔ جب کہ ضروری ہے کہ لوگوں کی نظر بد سے متعلق غلط فہمی کا ازالہ کیا جائے کہ یہ صرف نفسیاتی بیماری نہیں بلکہ حقیقت میں بھی اثر رکھتی ہے اور انسانی زندگی میں اس کی تاثیر دخیل ہے۔ اس کے سائنسی، سائیکولوجی اور روحانی، فردی و اجتماعی نقصانات موجود ہیں علاوہ بر این زمانہ قدیم سے ہی مختلف ثقافتوں سے لے کر آج تک اعلی ترقی یافتہ ممالک میں بھی اس نظر بد کے بارے میں مختلف گہرے نظریات پائے جاتے ہیں۔ اور قرآن و روایات میں صراحتا نظر بد کے بارے میں ذکر آیا ہے۔

بنیادی الفاظ: نظر بد، قرآن، حقیقت، نظریات، علاج.

1. speace96@yahoo.com

۴۰. عقیدہ ختم نبوت قرآن وحدیث کی روشنی میں

حافظ اکرم رضا[۱] - محمد یعقوب بشوی

اشاریہ:

